For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App: bit.ly/DCNApp



## باب 3 | ریاست اور حکومت (State and Government)

1: دیے ہوئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

س ا: وفاقی حکومت کیوں ضروری ہے؟

ج: وفاقی حکومت کی ضرورت:

وفاقی حکومت مرکزی حکومت ہوتی ہے جو پورے ملک کا نظم ونسق چلاتی ہے۔ پاکستان کے تمام صوبوں میں حکومت سازی کے لیے وفاقی حکومت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ یہ حکومت ملکی معیشت، دفاع، خارجہ امور و دیگر ملکی انتظام وغیرہ کی دیکھ بھال کرتی ہے۔ وفاقی حکومت کا مقصد عالمی سطح پر ملک کی نمائندگی کرنا اور دوسرے ممالک سے تعلقات استوار کرنے کے لیے خارجہ پالیسی بنانا بھی ہے۔

---

س ۲: 1973ء کے آئین کے مطابق پاکستانی شہریوں کے کوئی سے تین حقوق تحریر کریں۔

ج: 1973ء کے آئین کے مطابق شہریوں کے حقوق

(۱) ہر شہری کو بلا امتیاز جانی و مالی تحفظ کا حق حاصل ہے۔
(۲) ہر شہری کو اپنے عقیدے کے مطابق زندگی گزارنے کا حق حاصل ہے۔
(۳) ہر شہری کو تجارت، کاروبار اور کوئی بھی جائز پیشہ اختیار کرنے کا حق حاصل ہے۔

---

س ۳: صوبائی حکومت کے اختیارات کی فہرست بنائیں۔

ج: صوبائی حکومت کے اختیارات:

(۱) صوبے کا نظم ونسق (قانون سازی، امن وامان کا قیام) چلاتی ہے۔
(۲) صوبائی محصولات کی نگرانی کرتی ہے۔
(۳) صوبوں کی داخلی پالیسی کے معاملات سنبھالتی ہے۔

---

2: دیے ہوئے سوالات کے تفصیلی جواب لکھیں۔

س ا: آئین اور اس کا اطلاق کس طرح بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے؟

ج: آئین کی اہمیت:

آئین کسی ملک یا ریاست کا نظم ونسق چلانے کے لیے رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ یہ حکومت اور حکومتی اداروں (مقننہ، انتظامیہ، عدلیہ) کے لیے قوانین مہیا کرتا ہے اور ان اداروں کے لیے اختیارات کا تعین بھی کرتا ہے۔ آئین بنیادی انسانی حقوق کی فراہمی اور ان کے تحفظ کو یقینی بناتا ہے۔ یہ لوگوں کو ان کی ذمہ داریوں سے بھی آگاہ کرتا ہے۔

قانون کی اہمیت:

ملک کے تمام قوانین آئین کی روشنی میں مرتب کیے جاتے ہیں۔ قانون کی نظر میں تمام شہری برابر ہوتے ہیں۔ اسی لیے ملکی قوانین تمام شہریوں پر یکساں طور پر لاگو ہوتے ہیں۔ جو لوگ قانون توڑنے کی کوشش کرتے ہیں یا کسی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث ہوتے ہیں، انھیں قوانین کے مطابق ہی سزا دی جاتی ہے۔

For more notes & academic material visit our Website or install our Mobile App
Website: www.downloadclassnotes.com Mobile App: bit.ly/DCNApp



س۲: سیاسی جماعتوں کے افعال واضح کریں۔

ج: سیاسی جماعتوں کے افعال:

(i) سیاسی جماعتیں اپنی منشور کے مطابق کام کرتی ہیں۔

(ii) یہ لوگوں میں سیاسی شعور پیدا کر کے انہیں ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرتی ہیں۔

(iii) انتخاب میں حصہ لیتی ہیں اور منتخب ہو کر لوگوں کے مسائل حل کرتی ہیں۔

(iv) حکومت قائم کرنے کے بعد یہ ملک و قوم کی فلاح کے لیے کام کرتی ہیں۔

(v) بین الاقوامی سطح پر ملک کی نمائندگی کرتی ہیں۔

---

س3: دیے ہوئے وفاقی حکومت کے ڈھانچے کو مکمل کریں۔

ج: وفاقی حکومت کا ڈھانچہ: (Structure of Federal Government)

| مقننہ (Legislature) | انتظامیہ (Executive) | عدلیہ (Judiciary) |
|---|---|---|
| پارلیمنٹ (Parliament) | وزیر اعظم (حکومت کا سربراہ) (Prime Minister) | سپریم کورٹ (Supreme Court) |
| صدر (ریاست کا سربراہ) (President) | کابینہ (Cabinet) | اسلام آباد ہائی کورٹ (Islamabad High Court) |
| ایوان بالا (سینیٹ) (Senate) | انتظامی ادارے (Administrative Bodies) | |
| ایوانِ زیریں (قومی اسمبلی) National Assembly | | |

**حصہ معروضی (Objectives)**

1۔ درست جواب کا انتخاب کریں اور (✓) کا نشان لگائیں۔

i۔ پاکستان میں عام انتخاب منعقد کیے جاتے ہیں:

(الف) 2 سال بعد (ب) 3 سال بعد (ج) 4 سال بعد (د) 5 سال بعد

ii۔ پاکستان میں اس وقت آئین نافذ ہے:

(الف) 1956ء کا (ب) 1962ء کا (ج) 1973ء کا (د) 1958ء کا

iii۔ مقننہ اختیار رکھتا ہے:

(الف) قانون بنانے کا (ب) قانون نافذ کرنے کا (ج) انصاف کی فراہمی کا (د) مقدمات کی سماعت کا

iv۔ آئین کے تحت بچوں سے مزدوری کروانا ممنوع ہے:

(الف) 14 سال سے کم عمر (ب) 15 سال سے کم عمر

(ج) 16 سال سے کم عمر (د) 17 سال سے کم عمر

v۔ کسی ریاست یا ملک کا نظم و نسق چلانے کے لیے بنیادی اصولوں کا مجموعہ کہلاتا ہے:

(الف) ریاستی اصول (ب) اصول و قوانین (ج) حکومت (د) آئین

---

2۔ درست جملے کے سامنے (✓) اور غلط کے سامنے (x) کا نشان لگائیں۔

i۔ پسندیدہ طرزِ حکومت آمریت ہے۔ [غلط]

ii۔ پاکستان میں بادشاہت کا نظام نافذ ہے۔ [غلط]

iii۔ ملک کے تمام قوانین، آئینی اصولوں کے مطابق مرتب کیے گئے ہیں۔ [درست]

iv۔ وفاقی حکومت صوبائی حکومتوں کے درمیان پل کا کردار ادا کرتی ہے۔ [درست]

v۔ ہر سیاسی جماعت کا اپنا ایک خاص نظریہ اور منشور ہوتا ہے۔ [درست]

---

3۔ کوئی سی تین وزارتوں اور ان کے موجودہ عہدہ داران کے نام لکھیں۔

| وزارتِ دفاع | وزارتِ تعلیم | وزارتِ خارجہ |
|---|---|---|
| پرویز خٹک | شفقت محمود | شاہ محمود قریشی |

---

## باب 4 — تاریخ (History)
## تہذیبوں کا آغاز (The Beginning of Civilisations)

1: دیے ہوئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

س1: قدیم یونان کے دو بڑے شہر کون سے تھے؟ دونوں شہر کیسے ایک دوسرے سے مختلف تھے؟

ج: قدیم یونان کے دو بڑے شہر ایتھنز اور اسپارٹا تھے۔ ان دونوں شہری ریاستوں کی ثقافت بالکل مختلف تھی۔ اسپارٹا کے لوگ اپنا زیادہ تر وقت جنگ کرنے اور لڑنے کے طریقوں پر صرف کرتے تھے جبکہ ایتھنز کے لوگ فنونِ لطیفہ (Arts) میں دلچسپی لیتے اور تعلیم پر زیادہ توجہ دیتے تھے۔

---

س2: اولمپک کھیلوں کا آغاز کب اور کہاں ہوا؟

ج: اولمپک کھیلوں کا آغاز 776 قبل مسیح میں یونان کے شہر اولمپیا میں ہوا۔ اس لئے ان کو اولمپکس کا نام دیا گیا۔ ان کھیلوں میں میراتھن، کشتی اور باکسنگ وغیرہ شامل تھے۔ جدید اولمپکس کا آغاز بھی 1896ء میں یونان سے ہی ہوا۔

---

س3: قدیم یونان اور روم میں لوگ کیسا لباس پہنتے تھے؟

ج: ٹیونک قدیم روم کا ایک مخصوص لباس تھا۔ یہ دو سلی ہوئی دو اونی چادروں پر مشتمل ہوتا تھا۔ ٹوگا ایک لمبی چادر